[1] جیسا کہ مصنف نے بیان کیا ہے کہ اِفَّاعُلٌ اصل میں تَفَاعُلٌ اور اِفَّعُّلٌ اصل میں تَفَعُّلٌ ہے، اس سے خود واضح ہو رہا ہے کہ در حقیقت یہ باب تفاعل اور تفعل ہیں ان کو مستقل افاعل اور افعل نام دینا ہی غیر مناسب ورنہ ابواب کی تعداد کثیر ہو جائے گی جیسے باب افتعال اِكْتِتَاذٌ کو اِكِّثَاذٌ پڑھنا جائز ہے اس طرح باب کا نام اِفِّعَالٌ ہوگا، اسی طرح اِذْكَوْلَى دراصل باب افیعال ہے تبدیلی کے بعد اِفْعِيعَاءٌ ہو جائے گا اس طرح اور بابوں میں بھی تبدیلیاں واقع ہوتی رہتی ہیں اس لیے ان کو اصلی نام باب تفعل یا تفاعل ہی دیا جائے۔

[2] تا کو ساکن کیا فا کلمہ یعنے ثا سے تبدیل کیا کیونکہ تا اور ثا دونوں قریب المخرج ہیں یعنے جس طرح متجانسین میں ادغام ہوتا ہے اسی طرح متقاربین میں بھی ادغام ہوتا ہے جب تا کو ثا کر کے ادغام کیا تو ابتداء بالساکن لازم آئی اس لیے ہمزہ وصل مکسور کو اول میں لایا تو اِثَّاقَلَ ہوگیا

قاعدہ

ثا، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا میں سے کوئی ایک باب تَفَعَّلَ یا تَفَاعَلَ کے فا کلمہ میں واقع ہو تو تَفَعَّلَ کی تا کو فا کلمہ کی جنس کرنا جائز ہے بعد میں جنس کو جنس سے ادغام کرنا واجب ہے۔

اگر تا واقع ہو باب تفعل یا تفاعل کے فا کلمہ میں تو ادغام کرنا واجب ہے کیونکہ دو حرف ایک جنس کے جمع ہو گئے۔ جیسے تَتَرَّكَ کو اِتَّرَّكَ پڑھنا واجب ہے البتہ باقی مندرجہ بالا الفاظ میں دو صورتیں جائز ہیں۔

تَثَقَّلَ اور تَثَاقَلَ کو اِثَّقَّلَ، اِثَّاقَلَ، تَدَرَّكَ، اور تَدَارَكَ کو اِدَّرَّكَ اور اِدَّارَكَ ؛ تَذَكَّرَ، تَذَاكَرَ کو اِذَّكَّرَ، اِذَّاكَرَ ؛ تَزَلَّفَ کو اِزَّلَّفَ، اِزَّالَفَ، تَسَمَّعَ، تَسَامَعَ کو اِسَّمَّعَ اِسَّامَعَ ؛ تَشَبَّہَ، تَشَابَہَ کو اِشَّبَّہَ، اِشَّابَہَ ؛ تَصَبَّرَ، اور تَصَابَرَ کو اِصَّبَّرَ، اِصَّابَرَ، ؛ تَضَرَّبَ، تَضَارَبَ کو اِضَّرَّبَ، اِضَّارَبَ، ؛ تَطَلَّبَ، تَطَالَبَ کو اِطَّلَّبَ، اِطَّالَبَ ؛ تَظَلَّمَ تَظَالَمَ کو اِظَّلَّمَ، اِظَّالَمَ پڑھنا جائز ہے۔

[3] جن بابوں کے شروع میں ہمزہ وصلی نہیں آتا وہ پانچ باب ہیں۔

[4] باب افعال کے امر حاضر کا ہمزہ وصلی نہیں بلکہ قطعی ہے، امر حاضر کی قید اتفاقی ہے کیونکہ اس باب کی ماضی، مصدر اور امر حاضر وغیرہ تمام کا ہمزہ قطعی ہوتا۔

فائدہ

ہمزہ وصلی وہ ہے جو درج کلام میں گر جاتا قراءۃً البتہ کتابۃً موجود رہتا ہے جیسے وَاضْرِبْ، ہمزہ قطعی وہ ہے جو درج کلام میں قراءۃً اور کتابۃً نہیں گرتا۔ ہمزہ قطعی کے علاوہ ہمزہ وصلی ہے۔

ہمزہ قطعی نو قسم ہیں، باب افعال کا ہمزہ جیسے اَكْرَمَ، مضارع کے واحد متکلم کا ہمزہ جیسے اَضْرِبُ، اسم تفضیل کا ہمزہ جیسے اَضْرَبُ جمع کا ہمزہ جیسے اَشْرَافٌ، اعلام (ناموں) کا ہمزہ جیسے اِسْمٰعِيلُ، اِسْحٰقُ، بنا کا ہمزہ یعنے کلمہ کا وضع کے لحاظ سے واقع ہونے والا جیسے اِصْبَعٌ (انگلی)، اَمْرٌ، فعل تعجب کا ہمزہ جیسے مَا اَضْرَبَہٗ، ہمزہ استفہام جیسے ءَاَنْذَرْتَہُمْ کا پہلا ہمزہ استفہام کا ہے جو قطعی ہے اگرچہ دوسرا ہمزہ باب افعال کا ہونے کی وجہ سے قطعی ہی ہے تاہم یہاں مثال استفہام کے لحاظ سے دی گئی۔ ندا کا ہمزہ جیسے اَعَبْدَ اللّٰہِ (اے عبداللہ)

وصلی نیست بلکہ ہمزہ قطعی است کہ حذف کردہ[1] شدہ است از مضارع او یعنے تُکرِمُ کہ در اصل تُاَکْرِمُ بودہ است از برائے موافقت اُکْرِمُ کہ در اصل اُاَکْرِمُ بودہ است ہمزہ ثانی از جہت اجتماع ہمزتین افتاد اُکْرِمُ شد۔

باب دوم بروزن تفعیل (در ماضی عین کلمہ مشدد باشد) چوں اَلتَّصْرِیْفُ گردانیدن **تصریفہ**: صَرَّفَ یُصَرِّفُ تَصْرِیْفًا فَہُوَ مُصَرِّفٌ وَصُرِّفَ یُصَرَّفُ تَصْرِیْفًا فَہُوَ مُصَرَّفٌ الامر منہ صَرِّفْ والنہی عنہ لَاتُصَرِّفْ ؛ اَلتَّکْذِیْبُ وَالْکِذَّابُ، کسی را دروغ زن داشتن اَلتَّقْدِیْمُ پیش شدن و پیش کردن، اَلتَّمْکِیْنُ جای دادن اَلتَّعْظِیْمُ بزرگ داشتن، اَلتَّعْجِیْلُ شتابی کردن

باب سوم بروزن تَفَعُّلٌ[2] چوں اَلتَّقَبُّلُ پذیرفتن **تصریفہ** تَقَبَّلَ یَتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فَہُوَ مُتَقَبِّلٌ وَتُقُبِّلَ یُتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فَہُوَ مُتَقَبَّلٌ الامر منہ تَقَبَّلْ والنہی عنہ لَاتَقَبَّلْ ؛ اَلتَّفَکُّہُ میوہ خوردن (پھل کھانا)، اَلتَّلَبُّثُ درنگ کردن (دیر کرنا)، اَلتَّعَجُّلُ شتافتن (جلدی کرنا)، اَلتَّبَسُّمُ دندان سفید کردن (مسکرانا) **بدانکہ** در باب تَفَعُّلٌ[3] وتَفَاعُلٌ وتَفَعْلُلٌ ہر جاکہ دو تا در اول کلمہ بہم آیند روا باشد کہ یک تا را حذف کنند۔ (مراد مضارع معلوم است نہ کہ مجہول)

---

[1] یہاں سے ایک سوال کا جواب دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ امر حاضر کو مضارع کے حاضر صیغہ سے بنایا جاتا ہے اور مضارع کا صیغہ تُکْرِمُ ہے اس میں ہمزہ نہیں بلکہ علامت مضارع کو حذف کرنے کے بعد حرف ساکن ہے اس لیے امر میں ہمزہ وصلی ہونا چاہیئے۔ جواب دیا گیا ہے کہ مضارع کا صیغہ تُکْرِمُ اصل میں تُؤَکْرِمُ ہے تا کو حذف کیا آخر کو ساکن کیا اَکْرِمْ ہو گیا، البتہ تُکْرِمُ میں ہمزہ اُکْرِمُ کی مناسبت سے حذف کیا تاکہ مضارع کے تمام صیغے ایک جیسے ہو جائیں اُکْرِمُ میں حذف کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اصل میں اُاَکْرِمُ تھا دو ہمزہ کا شروع میں واقع ہونا قبیح سمجھتے ہوئے ایک ہمزہ کا حذف کرنا واجب سمجھا گیا ہے پہلا ہمزہ چونکہ علامتِ مضارع تھا اور صیغہ بھی مضارع کا بنانا مقصود تھا اس لیے دوسرے ہمزہ کو حذف کیا۔

[2] باب تَفَعُّلٌ کی ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں فاکلمہ سے پہلے تا زائد ہو گی اور عین کلمہ مشدد ہو گا یعنے عین کلمہ کا ہم جنس لفظ زائد ہو گا۔

[3] قاعدہ۔ تا مضارع جب داخل ہو تا تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ اور تَفَعْلُلٌ پر تو اس باب کے مضارع معلوم میں ایک تا کو گرانا جائز ہے تَتَقَبَّلُ کو تَقَبَّلُ، تَتَقَابَلُ کو تَقَابَلُ۔ تَتَدَحْرَجُ کو تَدَحْرَجُ پڑھنا جائز ہے لیکن مضارع مجہول میں ایک تا کو حذف نہیں کیا جاسکتا اس لیے کہ اگر پہلی تا کو حذف کریں تو اسی باب کے مضارع معلوم سے تا کو حذف کرنے کی صورت سے التباس لازم آئے گا مجہول اور معلوم دونوں تَقَبَّلُ، تَقَابَلُ، تَدَحْرَجُ ہوں گے اور اگر دوسری تا کو حذف کیا جائے تو تُقَبَّلُ، تُقَابَلُ، تُدَحْرَجُ ہوں گے یہی وزن دوسرے ابواب کے مضارع مجہول کا ہے کیونکہ تُقَبَّلُ باب تفعیل اور تُقَابَلُ باب مفاعلہ اور تُدَحْرَجُ باب فَعْلَلَۃٌ کے مضارع مجہول ہیں۔ اسی طرح تَفَعُّلٌ کا تفعیل اور تفاعُل کا مفاعلہ اور تَفَعْلُلٌ کا فعللۃ کے مضارع مجہول سے التباس لازم آتا۔

باب چہارم بروزن مُفَاعَلَۃٌ چوں اَلْمُقَاتَلَۃُ وَالْقِتَالُ بایک[1] دیگر کارزار کردن **تصریفہ** قَاتَلَ یُقَاتِلُ مُقَاتَلَۃً وَقِتَالًا فَہُوَ مُقَاتِلٌ وَقُوْتِلَ یُقَاتَلُ مُقَاتَلَۃً وَقِتَالًا فَہُوَ مُقَاتَلٌ الامر منہ قَاتِلْ والنہی عنہ لَاتُقَاتِلْ ؛ اَلْمُعَاقَبَۃُ وَالْعِقَابُ بایک دیگر عذاب کردن، اَلْمُخَادَعَۃُ وَالْخِدَاعُ فریفتن، اَلْمُلَازَمَۃُ وَاللِّزَامُ، باہم لازم گرفتن، اَلْمُبَارَکَۃُ[2] برکت گرفتن بخدائے عزوجل یا بکسے یا بچیزے

باب پنجم بروزن تَفَاعُلٌ[4] چوں اَلتَّقَابُلُ بایک دیگر رو برو شدن (دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہونا) **تصریفہ** تَقَابَلَ یَتَقَابَلُ تَقَابُلًا فَہُوَ مُتَقَابِلٌ وَتُقُوْبِلَ[5] یُتَقَابَلُ تَقَابُلًا فَہُوَ مُتَقَابَلٌ الامر منہ تَقَابَلْ والنہی عنہ لَاتَقَابَلْ ؛ اَلتَّخَافُتُ[3] بایک دیگر سخن پنہاں گفتن، اَلتَّعَارُفُ، بایک دیگر شناختن (ایک دوسرے کو پہچاننا)، اَلتَّفَاخُرُ، بایک دیگر فخر کردن (بعض کا بعض پر فخر کرنا)۔

اما رباعی نیز بر دو گونہ است **یکی مجرد** کہ در وے حرف زائد نباشد **دوم منشعب** (مزید) کہ در وے حرف زائد باشد اما آنکہ در وے حرف زائد نباشد آنرا ایک باب است و این باب لازم و متعدی نیز آمدہ ست۔

---

[1] ایک دوسرے سے لڑائی کرنا، یعنے باب مفاعلہ اکثر طور پر جانبین میں اشتراک کے لیے آتا ہے لیکن کبھی عام ابواب کی طرح جانب واحد سے آتا ہے لیکن ترکیبی لحاظ سے ایک ہی فاعل اور ایک مفعول ہوتا ہے جیسے ضَارَبَ زَیْدٌ عَمْرًا، میں زَیْدٌ فاعل اور عَمْرًا، مفعول ہے اگرچہ معنوی لحاظ سے ہر ایک فاعل اور ہر ایک مفعول ہے معنے ہو گا، زید نے عمرو کو اور عمرو نے زید کو مارا، لیکن عَاقَبْتُ اللِّصَّ، میں نے چور کو سزا دی، اس میں معنوی اعتبار سے بھی ایک ہی فاعل اور ایک ہی مفعول ہے۔

[2] اَلْمُبَارَکَۃُ کا مصنف نے جو ترجمہ کیا ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ سے برکت حاصل کرنا یا کسی آدمی سے یا کسی چیز سے" لیکن صحیح ترجمہ اس طرح ہے جو المنجد میں ہے۔ بَارَکَ الرَّجُلَ۔ کسی آدمی کے حق میں برکت کی دعا مانگنا، راضی ہونا۔
بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَفِیْکَ وَعَلَیْکَ وَبَارَکَکَ، اللہ تجھ کو مبارک کرے۔
کہتے ہیں۔ بَارِکْ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ وَاٰلِہِمْ۔ یعنے اے اللہ تعالےٰ تو نے انبیاء کرام اور انکی اولاد کو جو شرافت و بزرگی اور عزت بخشی ہے وہ ہمیشہ برقرار رکھ۔

[3] اَلتَّخَافُتُ کا ترجمہ مصنف نے کیا ہے، ایک دوسرے سے بات پوشیدہ کہنا، لیکن المنجد نے ترجمہ اس طرح کیا ہے۔ تَخَافَتَ بِکَلَامِہٖ وَصَوْتِہٖ، پوشیدہ رکھنا، پست کرنا، آہستہ کرنا بِالْقِرَاۃِ، پست آواز سے پڑھنا، تَخَافَتَ۔ بتکلف ضعف و سکون کا اظہار کرنا۔

[4] تَفَاعُلٌ باب کی علامت یہ ہے کہ فا کلمہ سے پہلے تا اور بعد میں الف زائد ہوتا ہے۔

[5] تُقُوْبِلَ اور مفاعلہ کی ماضی مجہول قُوْبِلَ ماضی معروف تَقَابَلَ اور قَابَلَ سے بنائی گئیں غیر ثلاثی مجرد سے ماضی مجہول بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ آخری حرف مبنی بر فتح ہی رہے گا اور آخر سے ماقبل کو کسرہ دیا جائے اور باقی ہر متحرک حرف کو ضمہ دیا جائے اور ساکن کو اپنے حال پر رکھا جائے اس لیے جب الف کا ماقبل مضموم ہو گیا تو الف کو واؤ سے بدل دیا گیا۔

باب اول بروزن فَعْلَلَۃٌ[۱] چوں اَلْبَعْثَرَۃُ برانگیختن، **تصریفہ** بَعْثَرَ یُبَعْثِرُ بَعْثَرَۃً فھو مُبَعْثِرٌ وبُعْثِرَ یُبَعْثَرُ بَعْثَرَۃً فھو مُبَعْثَرٌ الامر منہ بَعْثِرْ والنہی عنہ لَاتُبَعْثِرْ ؛ اَلدَّحْرَجَۃُ بسیار گردانیدن، اَلْعَسْکَرَۃُ لشکر ساختن، اَلْقَنْطَرَۃُ پل بستن، اَلزَّعْفَرَۃُ رنگ کردن بزعفران،

اما رباعی منشعب کہ در وے حرف زائد باشد آں نیز بر دو گونہ است **یکی** آنکہ در وے ہمزہ وصل نباشد و **دیگر** آنکہ در وے ہمزہ وصل باشد **اما** در وے ہمزہ وصل نباشد آنرا نیز یک باب ست و ایں باب لازم است در قرآن شریف نیامدہ است۔

باب اول بروزن تَفَعْلُلٌ چوں اَلتَّسَرْبُلُ پیراہن پوشیدن **تصریفہ** تَسَرْبَلَ یَتَسَرْبَلُ تَسَرْبُلًا فھو مُتَسَرْبِلٌ الامر منہ تَسَرْبَلْ والنہی عنہ لَاتَتَسَرْبَلْ ؛ اَلتَّبَرْقُعُ برقع پوشیدن اَلتَّمَقْھُرُ مقہور شدن، اَلتَّزَنْدُقُ، زندیق[۲] شدن، اَلتَّبَخْتُرُ بناز خرامیدن (ناز، نخرے سے چلنا) **اما** آنکہ در وے ہمزہ وصل در آید آنرا دو باب است، و آں ہر دو باب لازم است۔

باب اول بروزن اِفْعِنْلَالٌ چوں اَلْاِبْرِنْشَاقُ شاد شدن (خوش ہونا) **تصریفہ** اِبْرَنْشَقَ یَبْرَنْشِقُ اِبْرِنْشَاقًا فھو مُبْرَنْشِقٌ الامر منہ اِبْرَنْشِقْ والنہی عنہ لَاتَبْرَنْشِقْ ؛ اَلْاِحْرِنْجَامُ جمع شدن، اَلْاِبْلِنْدَاحُ فراخ شدن جائیگاہ، اَلْاِسْلِنْطَاحُ برقفا خفتن (گدی کے بل سونا)، اَلْاِغْرِنْکَاسُ، سیاہ شدن موئے (بالوں کا سیاہ ہونا)۔ **بدانکہ** ایں باب در قرآن شریف نیامدہ است۔

ملہ اس باب کا مصدر جس طرح فَعْلَلَۃٌ آتا ہے اسی طرح فِعْلَالٌ (بالکسر) بھی آتا ہے جیسے سَرْھَفْتُ سِرْھَافًا، میں نے بچے کی غذا کو درست کیا، اسی طرح اس باب کا مصدر فَعْلَالٌ (بالفتح) بھی آتا ہے جیسے صَلْصَالًا، وَسْوَاسًا، اور فَعْلَلَی کے وزن پر آتا ہے جیسے قَھْقَرٰی (الٹا پیچھے کی جانب چلنا)، اور فُعْلُلَاءَ (بضم اول وثالث والف ممدودہ) جیسے قُرْفُصَاءَ (سرین پر اس طرح بیٹھنا کہ دونوں ران پیٹ سے چپاں ہوں۔) **تنبیہ** رباعی مجرد ہو یا مزید اور ثلاثی مزید کے مقررہ مصادر کے بغیر اسی باب کے اسم مفعول کے وزن پر بھی مصدر آتا ہے اس کو مصدر میمی کہتے ہیں یعنے ثلاثی مزید، رباعی مجرد اور رباعی مزید کا اسم مفعول اور ظرف اور مصدر میمی ایک ہی وزن پر آئیں گے مصدر میمی کا اس وزن پر آنا قیاسی ہے لیکن ثلاثی مجرد سے مصدر اگرچہ اسم مفعول کے وزن پر کبھی آتا ہے لیکن وہ سماعی ہے قیاسی نہیں ثلاثی مجرد کا مصدر میمی قیاسی طور پر تمام ابواب سے مَفْعَلٌ (مفتوح العین) آتا ہے لیکن مثال یائی سے مطلقا اور مثال واوی جس کا مضارع یَفْعِلُ کے وزن پر ہو اور فا کلمہ حذف ہوتا ہو اس کا مصدر میمی مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَوْعِدٌ اور مَیْسِرٌ اور وَجِلَ یَوْجَلُ سے بھی مَفْعِلٌ (بالکسر) آتا ہے۔

ملہ زندیق کا لغوی معنے بے دین ہونا، مجوسی کو بھی زندیق کہا جاتا ہے مجوسی وہ ہے جو دو خدا مانتے ہیں ایک خالق خیر اس کو یزدان کہتے ہیں، دوسرا خالق شر اسکو اَھْرَمَنْ کہتے ہیں، اسی طرح انبیاء کرام کی شان میں یا صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کرنے والا زندیق ہے **ع** تسربل میں کبھی تا بھی آجاتی ہے جیسے تَسَرْبُلَۃٌ اس کا معنے ہوگا ایک بار کرتہ پہننا یا ایک قسم کا کرتا پہننا۔

باب دوم بروزن اِفْعِلَّالٌ چوں اَلْاِقْشِعْرَارُ، موئے برتن خاستن (رونگٹے کھڑے ہونا) **تصریفہ** اِقْشَعَرَّ یَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فھو مُقْشَعِرٌّ الامر منہ[۱] اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ والنہی عنہ لَاتَقْشَعِرَّ لَاتَقْشَعِرِّ لَاتَقْشَعْرِرْ ؛ اَلْاِقْمِطْرَارُ، سخت ناخوش شدن، اَلْاِشْفِتْرَارُ، پراگندہ شدن (بکھرنا)، اَلْاِزْمِھْرَارُ، سرخ شدن چشم، اَلْاِسْمِھْرَارُ سخت شدن خار (کانٹے کا سخت ہونا)، اَلْاِشْمِخْرَارُ، بلند شدن **بدانکہ** ایں باب در قرآن شریف آمدہ است **کما قال اللّٰہ تعالیٰ** تَقْشَعِرُّ[۲] مِنْہُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّھُمْ (پ۲۳)

اما ثلاثی منشعب کہ ملحق برباعی است نیز بر دو گونہ است **یکی** آنکہ ملحق برباعی مجرد باشد و **دوم** آنکہ ملحق برباعی مجرد نباشد **اما** آنکہ ملحق برباعی مجرد باشد آنرا ہفت باب است۔

باب اول بروزن فَعْلَلَۃٌ[۳] بتکرار اللام چوں اَلْجَلْبَبَۃُ چادر پوشیدن **تصریفہ** جَلْبَبَ یُجَلْبِبُ جَلْبَبَۃً فھو مُجَلْبِبٌ وجُلْبِبَ یُجَلْبَبُ جَلْبَبَۃً فھو مُجَلْبَبٌ الامر منہ جَلْبِبْ والنہی عنہ لَاتُجَلْبِبْ اَلشَّمْلَلَۃُ شتافتن (تیز چلنا)، ولیس ھٰذا الباب فی القرآن۔

باب دوم بروزن فَعْنَلَۃٌ[۴] بزیادۃ النون بین العین واللام، چوں اَلْقَلْنَسَۃُ کلاہ پوشیدن۔ **تصریفہ**، قَلْنَسَ یُقَلْنِسُ قَلْنَسَۃً فھو مُقَلْنِسٌ وقُلْنِسَ یُقَلْنَسُ قَلْنَسَۃً فھو مُقَلْنَسٌ، الامر منہ قَلْنِسْ والنہی عنہ لَاتُقَلْنِسْ، ولیس فی القرآن :-

---

ملہ امر اور جحد اور نہی میں تین تین صورتیں پڑھی جائیں گی ادغام کا ضابطہ باب افعلال (اِحْمِرَارٌ) میں بیان کیا جا چکا ہے، نیز ماضی، مضارع وغیرہ میں بھی اسی باب کی طرح ادغام ہوگا۔

فائدہ۔ مصنف نے اگرچہ متعدی مزید کے ابواب کے افعال مجہول اور اسم مفعول نہیں ذکر کیے کیونکہ یہ لازم فعل ہیں لیکن مبتدی طلباء کو وزن کی پہچان کرانے کے لیے اکثر حضرات ان کے فعل مجہول اور اسم مفعول بھی ذکر کرتے ہیں کیونکہ ان اوزان کے ساتھ ہی حرف جار ذکر کرکے متعدی بنایا جاتا ہے۔

ملہ مکمل آیت کریمہ کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے بریکٹ میں ان مذکورہ الفاظ گرامی کا ترجمہ ہے۔ اللہ نے اتاری سب سے اچھی کتاب کہ اول سے آخر تک ایک سی ہے دوہرے بیان والی ہے (اس سے بال کھڑے ہوتے ہیں ان کے بدن پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں) پھر انکی کھالیں اور دل نرم پڑتے ہیں یاد خدا کی طرف رغبت میں، اللہ کی ہدایت ہے راہ دکھائے اسے جسے چاہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں۔

ملہ رباعی مجرد کا وزن فَعْلَلَۃٌ ہے اور ملحق برباعی مجرد کے پہلے باب کا وزن بھی فَعْلَلَۃٌ ہے لیکن دونوں میں فرق یہ ہے کہ رباعی مجرد کے چار حرف اصلی ہوتے ہیں، فا کلمہ، عین کلمہ اور دو لام لیکن ملحق حقیقت میں ثلاثی مزید ہے رباعی مجرد کے وزن کے مشابہ ہونے کی وجہ سے اس کا نام ملحق ہوتا ہے اس کا پورا نام ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد ہے، اس میں دوسرا لام اصلی نہیں بلکہ لام کلمہ کا ہم جنس زائد ہے اصل لفظ جَلَبٌ ہے ایک با کو زائد کیا یعنے لام کلمہ کا تکرار ہے نہ کہ دوسرا لام بھی زائد ہے۔ عقلاً جَلْبَبَۃٌ کا وزن فَعْلَبَۃٌ ہونا چاہیے تھا لیکن آسانی کے لیے وزن میں تکرار لام کا اعتبار بھی کرلیا ہے ورنہ حقیقت میں جو لفظ زائد ہوتا ہے اسی کو بعینہ وزن میں زائد کیا جاتا ہے۔

ملہ فَعْنَلَۃٌ ظاہرا دَحْرَجَۃٌ رباعی مجرد کا ہم وزن معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں اس میں عین اور لام کلمہ کے درمیان نون زائد ہوتا ہے نون کلمہ میں اصل نہیں کہ اس کا وزن فَعْلَلَۃٌ ہو بلکہ نون زائد کو وزن میں بعینہ زائد کیا جائے گا اسی لیے اس کا وزن فَعْنَلَۃٌ بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم بروزن فَوْعَلَةٌ[1] بزیادۃِ الواوِ بین الفاءِ والعینِ چوں اَلْجَوْرَبَةُ پاتابہ پوشیدن (جراب پہننا)۔

تصریفہ: جَوْرَبَ یُجَوْرِبُ جَوْرَبَةً فہو مُجَوْرِبٌ وجُوْرِبَ یُجَوْرَبُ جَوْرَبَةً فہو مُجَوْرَبٌ الامر منہ جَوْرِبْ والنہی عنہ لَاتُجَوْرِبْ ؛ اَلْحَوْقَلَةُ سخت پیر شدن ولیس فی القرآن۔

باب چہارم بروزن فَعْوَلَةٌ بزیادۃِ الواوِ بین العینِ واللامِ چوں اَلسَّرْوَلَةُ ازار پوشیدن (چادر باندھنا، سلوار پہننا)۔

تصریفہ سَرْوَلَ یُسَرْوِلُ سَرْوَلَةً فہو مُسَرْوِلٌ الامر منہ سَرْوِلْ والنہی عنہ لَاتُسَرْوِلْ ؛ اَلْجَهْوَرَةُ، آواز بلند کردن، ولیس فی القرآن۔

باب پنجم ۔ بروزن فَیْعَلَةٌ بزیادۃِ الیاءِ بین الفاءِ والعینِ، چوں اَلْخَیْعَلَةُ[2] پیراہن بے آستین پوشیدن،

تصریفہ .خَیْعَلَ یُخَیْعِلُ خَیْعَلَةً فہو مُخَیْعِلٌ وخُوْعِلَ یُخَیْعَلُ خَیْعَلَةً فہو مُخَیْعَلٌ الامر منہ خَیْعِلْ والنہی عنہ لَاتُخَیْعِلْ ؛ اَلْهَیْمَنَةُ، گواہ شدن، یُقَالُ اِنَّ الْهَاءَ فِیْهِ مُبْدَلَةٌ مِنَ الْهَمْزَةِ ؛ اَلصَّیْطَرَةُ برگماشتہ شدن، وَجَاءَ فِی الْقُرْاٰنِ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَسْتَ عَلَیْهِمْ بِمُصَیْطِرٍ (آپ ان کو جبر سے منوانے والے تو نہیں)۔

بدانکہ خُوْعِلَ دراصل خُیْعِلَ بود از جہت ضمہ ماقبل یا واو گشت خُوْعِلَ شد۔

باب ششم بروزن فَعْیَلَةٌ بزیادۃِ الیاءِ بین العینِ واللامِ چوں اَلشَّرْیَفَةُ، افزونی برگ ہائی کشت بریدن۔

تصریفہ شَرْیَفَ یُشَرْیِفُ شَرْیَفَةً فہو مُشَرْیِفٌ وشُرْیِفَ یُشَرْیَفُ شَرْیَفَةً فہو مُشَرْیَفٌ، الامر منہ شَرْیِفْ والنہی عنہ لَاتُشَرْیِفْ، اَلْجَزْیَلَةُ زراندودن، ولیس فی القرآن۔

---

[1] فَوْعَلَةٌ بھی ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد ہے یعنے فَعْلَلَةٌ کے ساتھ ملحق ہے بظاہر اس کا وزن بھی فَعْلَلَةٌ نظر آتا ہے لیکن اس میں عین اور لام کلمہ کے درمیان واؤ زائد ہے اصل کلمہ نہیں اسی لیے اس کا وزن فَوْعَلَةٌ پیش کیا گیا ہے اگر واؤ اصل ہوتی زائد نہ ہوتی تو یقیناً رباعی مجرد ہوتا ملحق نہ ہوتا۔

تنبیہ

اِفْعَالٌ، تَفْعِیْلٌ، مُفَاعَلَةٌ، فَعْلَلَةٌ اور اس کے ملحقات کے مضارع معلوم میں بھی حروف "اتین" (علامات مضارع) مضموم ہوتے ہیں۔

[2] المنجد میں ہے خَیْعَلَ اس نے بغیر آستین کے قمیص پہنائی، تَخَیْعَلَ، بغیر آستین کے قمیص پہنی، اس طرح ترجمہ یہ ہونا چاہیے۔ پیراہن بے آستین پوشانیدن۔

تنبیہ

سَرْوَلَ اور شَرْیَفَ اور ان دونوں بابوں کے دوسرے فعلوں میں قانون جاری نہیں کیا حالانکہ واؤ اور یا متحرک ہوں ماقبل ان کے حرف صحیح ساکن ہو تو انکی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دیتے ہیں اور حرف علت کو ماقبل حرکت کے مطابق تبدیل کرتے ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ قانون بیان کرتے ہوئے اسکی شرائط میں یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کلمہ ملحق نہ ہو، ملحق میں قانون جاری اس لیے نہیں کرتے کہ اس کا وزن برقرار رہے اور جس لفظ کی زیادتی سے اس کو ملحق بنانا مقصود ہے وہ بھی اصلی حالت میں برقرار رہے۔

باب ہفتم بروزن فَعْلَاةٌ بزیادۃِ الالفِ المُبْدَلَةِ مِنَ الیاءِ بعد اللامِ، چوں اَلْقَلْسَاةُ[1] کلاہ پوشیدن اصلہ قَلْسَیَةٌ فانقلبتِ الیاءُ الفًا لتحرکہا وانفتاحِ ماقبلہا **تصریفہ** قَلْسٰی[2] یُقَلْسِیْ قَلْسَاةً فہو مُقَلْسٍ وقُلْسِیَ یُقَلْسٰی قَلْسَاةً فہو مُقَلْسًی الامر منہ قَلْسِ والنہی عنہ لَاتُقَلْسِ ؛ اَلْجَعْبَاةُ افگندن ولیس فی القرآن۔

یُقَلْسِیْ دراصل یُقَلْسِیُ بود ضمہ بر یا دشوار داشتہ ساکن کردند یُقَلْسِیْ شد مُقَلْسٍ (ڈالنا، پھینکنا) دراصل مُقَلْسِیٌ بود ضمہ بر یا دشوار داشتہ ساکن کردند التقای ساکنین شد میان یا و تنوین، یا افتاد مُقَلْسٍ شد و قُلْسِیَ[3] بر اصل خود است یُقَلْسٰی[4] دراصل یُقَلْسَیُ بود یا متحرک ماقبلش مفتوح یا الف گشت یُقَلْسٰی شد مُقَلْسًی[5] دراصل مُقَلْسَیٌ بود یا را از جہت فتحہ ماقبل بالف بدل کردند التقای ساکنین شد میانِ الف و تنوین الف افتاد مُقَلْسًی شد قَلْسِ[6] دراصل قَلْسِیْ بود یا بعلامت جزمی افتاد قَلْسِ شد لَاتُقَلْسِ[7] دراصل لَاتُقَلْسِیْ بودہ است اینجا نیز یا بعلامت (مرت) جزمی افتاد لَاتُقَلْسِ شد۔

اما آنکہ ملحق برباعی منشعب باشد آں نیز بر دو گونہ است **یکی** آنکہ ملحق بہ تَدَحْرُجٌ باشد **دوم** آنکہ ملحق بہ اِحْرِنْجَامٌ باشد **اما آنکہ ملحق بہ تَدَحْرُجٌ** باشد آنرا ہشت باب است۔

---

[1] القلساة۔ کا معنے المنجد میں ہے قَلْسٰی ٹوپی پہنائی، تَقَلْسٰی، ٹوپی پہنی۔

[2] قَلْسٰی اصل میں قَلْسَیَ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح اس کو الف سے بدل دیا قَلْسٰی ہوگیا۔ یُقَلْسِیْ اصل میں یُقَلْسِیُ تھا یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا گیا۔ قَلْسَاةٌ اصل میں قَلْسَیَةٌ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح اس کو الف سے بدل دیا گیا۔ مُقَلْسٍ اصل میں مُقَلْسِیٌ تھا یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا گیا مُقَلْسِیْنْ ہوگیا، یا اور نون تنوین دو ساکن جمع ہوگئے اس لیے یا کو گرا دیا گیا مُقَلْسٍ ہوگیا۔

تنبیہ

قَلْسَاةٌ کے باب میں کئی جگہ پر اعلال کیا جاتا ہے کیونکہ ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس میں جاری ہونے والے قوانین میں ملحق نہ ہونے کی قید نہیں کیونکہ لام کلمہ میں تغیر ملحق، غیر ملحق میں ایک جیسا ہوتا ہے، دوسری وجہ کی طرف مصنف نے خود ہی اشارہ کیا ہے کہ لام کلمہ کے بعد یا کو الف سے بدل کر زائد کیا جاتا ہے گویا کہ تغیر کا اعتبار پہلے کیا جاتا ہے اور الحاق کا بعد میں اس طرح اعلال درست ہوگا۔

[3] قُلْسِیَ اپنے اصلی حال پر ہے اس میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

[4] یُقَلْسٰی اصل میں یُقَلْسَیُ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح اس کو الف سے تبدیل کیا یُقَلْسٰی ہوگیا۔

[5] مُقَلْسًی اصل میں مُقَلْسَیٌ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف سے تبدیل کیا مُقَلْسَانْ ہوگیا۔ الف اور نون تنوین کے درمیان التقاء ساکنین ہوگیا الف کو حذف کر دیا۔ مُقَلْسًی ہوگیا۔

[6] قَلْسِ امر حاضر کو مضارع معلوم کے حاضر کے صیغہ سے بنایا گیا ہے تُقَلْسِیْ سے علامت مضارع کو حذف کر دیا بعد میں حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت درپیش نہ آئی آخر کو جزم دینی تھی لیکن جس کلمہ کے آخر میں حرف علت ہو اس میں علامت جزم یہ ہے کہ آخری حرف علت کو گرا دیا جائے اس لیے آخر میں یا کو حذف کیا قَلْسِ ہوگیا۔

[7] لَاتُقَلْسِ نہی حاضر ہے اس کو تُقَلْسِیْ سے بنایا گیا جو مضارع حاضر کا صیغہ ہے اور جب مضارع حاضر کے شروع میں لا نہی جازمہ لایا مضارع کے آخر سے حرف علت (یا) کو حذف کیا (کیونکہ آخر میں حرف علت ہو تو اسے حذف کرنا علامت جزمی ہے)، تو لَاتُقَلْسِ ہوگیا۔

باب اول بروزن تَفَعْلُلٌ[1] بزیادۃ التاء قبل الفاء وتکرار اللام چوں اَلتَّجَلْبُبُ چادر پوشیدن،
تصریفہ: تَجَلْبَبَ یَتَجَلْبَبُ تَجَلْبُبًا فهو مُتَجَلْبِبٌ الامر منہ تَجَلْبَبْ والنهی عنہ لَا تَتَجَلْبَبْ ÷ اَلتَّغَبُّرُ گرد آلود شدن، ولیس فی القرآن۔

باب دوم بروزن تَفَعْنُلٌ[2] بزیادۃ التاء قبل الفاء والنون بین العین واللام چوں اَلتَّقَلْنُسُ کلاہ پوشیدن (ٹوپی پہننا)
تصریفہ تَقَلْنَسَ یَتَقَلْنَسُ تَقَلْنُسًا فهو مُتَقَلْنِسٌ الامر منہ تَقَلْنَسْ والنهی عنہ لَا تَتَقَلْنَسْ، ولیس فی القرآن۔

باب سوم بروزن تَمَفْعُلٌ[3] بزیادۃ التاء والمیم قبل الفاء چوں اَلتَّمَسْكُنُ حالت خواری پیدا کردن (مسکین ومحتاج ہونا)،
تصریفہ تَمَسْكَنَ یَتَمَسْكَنُ تَمَسْكُنًا فهو مُتَمَسْكِنٌ الامر منہ تَمَسْكَنْ والنهی عنہ لَا تَتَمَسْكَنْ ÷ اَلتَّمَنْدُلُ، مسح کردن بمندیل (رومال سے صاف کرنا)، یقال تَمَنْدَلَ الرَّجُلُ اِذَا مَسَحَ بِیَدِہِ الْمِنْدِیْلَ۔ **اِعْلَمْ** اَنَّ هٰذَا الْبَابَ شَاذٌّ بَلْ مِنْ قَبِیْلِ الْغَلَطِ عَلٰی تَوَهُّمِ الْمِیْمِ اَصْلًا۔

باب چہارم بروزن تَفَعْلُتٌ[4] بزیادۃ التاء قبل الفاء وبعد اللام چوں اَلتَّعَفْرُتُ عفریت شدن یقال تَعَفْرَتَ الرَّجُلُ اِذَا صَارَ عِفْرِیْتًا اَیْ خَبِیْثًا۔ **تصریفہ** تَعَفْرَتَ یَتَعَفْرَتُ تَعَفْرُتًا فهو مُتَعَفْرِتٌ (خبیث ہونا) الامر منہ تَعَفْرَتْ والنهی عنہ لَا تَتَعَفْرَتْ **اِعْلَمْ** اَنَّ هٰذَا الْمِثَالَ غَرِیْبٌ ولیس فی القرآن۔

---

[1] تَفَعْلُلٌ، ملحق باب تَفَعْلُلٌ اور جس کے ساتھ ملحق ہے وہ بھی تفعلل ہے لیکن ملحق اور ملحق بہ میں فرق یہ ہے کہ ملحق بہ میں صرف فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے باقی چار حروف اصلی ہیں فا، عین اور دو لام، لیکن ملحق میں دو حرف زائد ہیں۔ فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور لام کے بعد اسی کا ہم جنس زائد ہے اس طرح ملحق میں اصلی تین لفظ ہیں جیسے مثال تَجَلْبُبَ دی گئی اس میں اصلی کلمہ جَلَبَ ہے فا سے پہلے تا اور لام کے بعد اسی کا ہم جنس با زائد ہے تَجَلْبَبَ ہوگیا لیکن تَدَحْرَجَ کو دَحْرَجَ سے بنایا گیا جس میں فا سے پہلے صرف تا کو زائد کیا گیا۔

[2] تَفَعْنُلٌ، ملحق ہے کیونکہ اس میں اصلی تین حرف ہیں اور فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور عین کلمہ کے بعد لام کلمہ سے پہلے نون زائد ہے تَفَعْلُلٌ کا ہم وزن ہونے کی وجہ سے ملحق ہے۔

[3] تَمَفْعُلٌ میں فا کلمہ سے پہلے تا اور میم زائد ہے۔

[4] تَفَعْلُتٌ ملحق ہے اس میں فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور لام کلمہ کے بعد بھی تا زائد ہے۔

عہ فصول اکبری میں تَمَفْعُلٌ اور تَفَعْلُتٌ دونوں بابوں کو شاذ کہا گیا ہے۔ نوادر الاصول میں کہا گیا ہے کہ پہلا باب یعنے تَمَفْعُلٌ اس لیے شاذ ہے کہ وہ خلاف قیاس ہے اور دوسرا یعنے تَفَعْلُتٌ اس لیے شاذ ہے کہ وہ نادر ہے اس لیے کہ میم تمسکن اور تمندل میں الحاق کے لیے نہیں بلکہ مسکین اور مندیل کی میم کو قندیل کے قاف کی طرح فا کلمہ کا وہم کہا گیا ہے اگرچہ قیاس یہ چاہتا ہے کہ یہ اصل میں تسکن اور تندل ہونا چاہئیے اس لحاظ سے میم زاید ہوگا اور وزن تمفعل ہی ہوگا۔ لیکن تفعلل کے وزن کا وہم بھی ہے کہ میم فا کلمہ ہو۔
خیال رہے کہ یہ وہم دوسرے باب میں اس طرح ہو سکتا ہے کہ دوسری تا اصل ہو اور وہ دوسرا لام ہو یعنے مادہ اس کا عَفْرَتَ ہو۔

باب پنجم بروزن تَفَوْعُلٌ[1] بزیادۃ التاء قبل الفاء والواو بین الفاء والعین، چوں اَلتَّجَوْرُبُ پاتابہ پوشیدن
تصریفہ تَجَوْرَبَ یَتَجَوْرَبُ تَجَوْرُبًا فهو مُتَجَوْرِبٌ الامر منہ تَجَوْرَبْ والنهی عنہ لَا تَتَجَوْرَبْ ÷ اَلتَّكَوْثُرُ بسیار شدن ولیس فی القرآن۔

باب ششم بروزن تَفَعْوُلٌ[2] بزیادۃ التاء قبل الفاء والواو بین العین واللام چوں اَلتَّسَرْوُلُ ازار پوشیدن،
تصریفہ تَسَرْوَلَ یَتَسَرْوَلُ تَسَرْوُلًا فهو مُتَسَرْوِلٌ الامر منہ تَسَرْوَلْ والنهی عنہ لَا تَتَسَرْوَلْ ÷ اَلتَّدَهْوُرُ گذشتن شب، ولیس فی القرآن۔

باب ہفتم بروزن تَفَیْعُلٌ[3] بزیادۃ التاء قبل الفاء والیاء بین الفاء والعین، چوں اَلتَّخَیْعُلُ، پیراہن بے آستین پوشیدن **تصریفہ** تَخَیْعَلَ یَتَخَیْعَلُ تَخَیْعُلًا فهو مُتَخَیْعِلٌ الامر منہ تَخَیْعَلْ والنهی عنہ لَا تَتَخَیْعَلْ ÷ اَلتَّعَیْهُرُ بے سامان شدن، اَلتَّشَیْطُنُ نافرمانی کردن **بدانکہ** ایں باب در قرآن شریف نیامدہ است۔

باب ہشتم بروزن تَفَعْلٍ[4] بزیادۃ التاء قبل الفاء والیاء بعد اللام، کہ در اصل تَفَعْلُیٌ بودہ است ضمہ لام رابکسرہ بدل کردند برائے موافقت یا پس ضمہ بریا دشوار داشتہ ساکن کردند التقائے ساکنین شد میان یا و تنوین یا افتاد تَفَعْلٍ شد چوں اَلتَّقَلْسِیْ کلاہ پوشیدن **تصریفہ** تَقَلْسٰی[5] یَتَقَلْسٰی تَقَلْسِیًا فهو مُتَقَلْسٍ

---

[1] تَفَوْعُلٌ، باب ملحق ہے اس میں فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور فا کلمہ اور عین کلمہ کے درمیان واؤ زائد ہے۔ اس طرح ان دو لفظوں کے زائد ہونے سے ثلاثی مزید کا وزن رباعی مزید کے تفعلل باب کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ثلاثی مزید ملحق برباعی ہوگیا، التجورب کا معنے ہے جوراب پہننا۔

[2] تَفَعْوُلٌ میں فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور عین کلمہ اور لام کلمہ کے درمیان واؤ زائد ہے۔

[3] تَفَیْعُلٌ میں فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور فا کلمہ اور عین کلمہ کے درمیان یا زائد ہے۔

[4] تَفَعْلٍ میں فا کلمہ سے پہلے تا زائد ہے اور لام کلمہ کے بعد یا زائد ہے کیونکہ تَفَعْلٍ اصل میں تَفَعْلُیٌ تھا لام کے ضمہ کو یا کی مناسبت کی وجہ سے کسرہ سے بدلا تَفَعْلِیٌ ہوگیا۔ یا پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرا دیا تَفَعْلِیْنٌ ہوگیا، یا اور نون تنوین دو ساکن جمع ہوگئے یا کو گرا دیا تَفَعْلٍ ہوگیا۔

[5] التَّقَلْسِیْ اصل میں اَلتَّقَلْسُیُ تھا یا کے ماقبل ضمہ کو یا کی مناسبت کی وجہ سے کسرہ سے بدل دیا اور یا پر ضمہ دشوار ہونے کی وجہ سے گرا دیا گیا اَلتَّقَلْسِیْ ہوگیا، یہاں الف لام کی وجہ سے تنوین نہیں۔

[6] تَقَلْسٰی اصل میں تَقَلْسَیَ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف سے بدل دیا تَقَلْسٰی ہوگیا، یَتَقَلْسٰی اصل میں یَتَقَلْسَیُ تھا یا متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف سے تبدیل کیا یَتَقَلْسٰی ہوگیا۔ تَقَلْسِیًا اصل میں تَقَلْسُیًا تھا یا کے ماقبل ضمہ کو یا کی مناسبت کی وجہ سے کسرہ سے تبدیل کیا تَقَلْسِیًا ہوگیا۔ مُتَقَلْسٍ اصل میں مُتَقَلْسِیٌ تھا یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا گیا مُتَقَلْسِیْنٌ ہوگیا یا اور نون تنوین دو ساکن جمع ہوگئے یا کو گرا دیا مُتَقَلْسٍ ہوگیا۔ تَقَلْسَ امر حاضر ہے مضارع حاضر تَتَقَلْسٰی سے بنایا گیا علامت مضارع کو حذف کیا آخر میں حرف علت کو گرایا تَقَلْسَ ہوگیا۔ لَا تَتَقَلْسَ نہی حاضر کا صیغہ مضارع حاضر پر لا نہی داخل کیا جو آخر کو جزم دیتا ہے جب آخر میں حرف علت ہو تو علامت جزمی حرف علت کو گراتا ہے اس لیے حرف علت کو گرایا لَا تَتَقَلْسَ ہوگیا۔

الامر منہ تَقَلْنَسْ والنہی عنہ لَاتَتَقَلْنَسْ، وَلَیْسَ فِی الْقُرْاٰنِ، **بدانکہ**[۱] زیادت تا در اول ایں ابواب برای الحاق نیست بلکہ برای معنئ مطاوعت[۲] است چنانکہ در تَدَحْرَجَ بود زیراکہ الحاق بزیادت حروف در اول کلمہ نیامدہ است۔ **اما آنکہ ملحق بیاحرنجم باشد دو باب است** وایں ہر دو باب در قرآن شریف نیامدہ است

باب اول بروزن اِفْعِنْلَال[۳] بزیادۃ ہمزۃ الوصل قبل الفاء والنون بعد العین وتکرار اللام چوں **اَلْاِقْعِنْسَاس**[۴] سخت واپس شدن **تصریفہ** اِقْعَنْسَسَ یَقْعَنْسِسُ اِقْعِنْسَاسًا فہو مُقْعَنْسِسٌ الامر منہ اِقْعَنْسِسْ والنہی عنہ لَاتَقْعَنْسِسْ ؛ اَلْاِعْرِنْکَاکُ، سیاہ شدن موی بالوں کا سخت سیاہ ہونا

باب دوم بروزن اِفْعِنْلَاءٌ[۵] بزیادۃ ہمزۃ الوصل قبل الفاء والنون بین العین واللام والیاء بعد اللام، چوں اَلْاِسْلِنْقَاءُ ستاں بازخفتن **بدانکہ** اِسْلِنْقَاءٌ[۶] دراصل اِسْلِنْقَایٌ بودہ است یا بعد الف افتاد پس ہمزہ گشت اِسْلِنْقَاءٌ شد، **تصریفہ** اِسْلَنْقٰی یَسْلَنْقِیْ اِسْلِنْقَاءً فہو مُسْلَنْقٍ الامر منہ اِسْلَنْقِ والنہی عنہ لَاتَسْلَنْقِ ؛ اَلْاِسْرِنْدَاءُ غلبہ کردن خواب بر مردم، **بدان** اَلْحَقَکَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِالصّٰلِحِیْنَ کہ الحاق در لغت بمعنی در رسیدن، و در رسانیدن ست و در اصطلاح اہل صرف آنست کہ در کلمہ حرفی زیادہ کنند تا آں کلمہ بروزن کلمہ دیگر شود و از برای آنکہ معاملہ کہ با ملحق بہ کردہ شود با ملحق نیز کردہ آید و شرط الحاق آنست کہ مصدر ملحق با مصدر ملحق بہ موافق باشد نہ مخالف

تمت بالخیر

[۱] ملحق تمام ابواب جن کے شروع میں تا آتی ہوئی ہے وہ الحاق کے لیے نہیں بلکہ مطاوعت کے معنی کے لیے ہے کیونکہ اول کلمہ میں زیادتی الحاق کے لیے نہیں ہوتی [۲] مطاوعت کا مطلب یہ ہے ایک فعل کے بعد دوسرا فعل ذکر کیا جائے جو دلالت کرے کہ پہلے فعل کے فاعل کا اثر اس کے مفعول نے قبول کر لیا ہے جیسے بَشَّرْتُہٗ فَاَبْشَرَ میں نے اسے خوشخبری دی وہ خوش ہوگیا۔ [۳] افعنلال کی علامت یہ ہے کہ فا کلمہ سے پہلے ہمزہ وصلی زائد ہوگا، عین کلمہ کے بعد نون زائد ہوگا اور لام کلمہ کا تکرار یعنی لام کلمہ کا ہم جنس زائد ہوگا۔ [۴] الاقعنساس مستقل ہونا، مضبوط ہونا، بہت بوڑھا ہونا، کسی چیز کا موٹا ہونا،

[۵] افعنلاء کی علامت یہ ہے کہ فا کلمہ سے پہلے ہمزہ وصل عین اور لام کلمہ کے درمیان نون زائد ہوگا اور لام کلمہ کے بعد یا ہوگی جو ہمزہ بن جائے گی

[۶] اِسْلِنْقَاءٌ اصل میں اِسْلِنْقَایٌ تھا الف کے بعد یا بر طرف واقع ہوئی اسکو ہمزہ سے بدلا اِسْلِنْقَاءٌ ہوگیا۔ **قانون**: ہر حرف علت جو الف زائدہ کے بعد واقع ہو بر طرف یا حکم بر طرف میں اس کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے حکم بر طرف کا مطلب یہ ہے کہ لام کلمہ میں حرف علت ہے اس کا بعد کسی حرف غیر لازم کے آنے کی وجہ سے وہ درمیان میں آجائے جیسے دعاءٌ اصل میں دعاوٌ، رضاءٌ، اصل میں رضایٌ، مدعاءٌ ان اصل مدعاوٌ ان تھا پہلی دو مثالیں بر طرف کی تیسری مثال حکم بر طرف کی۔ [۷] اِسْلَنْقٰی اصل میں اِسْلَنْقَیَ اور یَسْلَنْقِیْ اصل میں یَسْلَنْقِیُ تھے پہلی مثال میں یا متحرک ماقبل مفتوح الف سے تبدیل کیا، دوسری مثال میں یا پر ضمہ ثقیل گرا دیا، مُسْلَنْقٍ اصل میں مُسْلَنْقِیٌ تھا یا پر ضمہ ثقیل گرا یا التقاء ساکنین کی وجہ سے یا کو گرایا مُسْلَنْقٍ ہوگیا، اِسْلَنْقِ کو تَسْلَنْقِیْ سے بنایا علامت مضارع کو گرایا ہمزہ وصل لایا اور آخر سے حرف علت کو گرایا اِسْلَنْقِ ہوگیا۔

جدول مشتمل بر صد و سی و شش صیغہائے ماضی کہ حفظ آن طلبہ را نہایت مفید بود و امتحانش موجب ترقی استعداد شود

اسمائے مشتقات	واحد مذکر غائب	تثنیہ مذکر غائب	جمع مذکر غائب	واحد مؤنث غائب	تثنیہ مؤنث غائب	جمع مؤنث غائب	واحد مذکر حاضر	تثنیہ مذکر حاضر	جمع مذکر حاضر	واحد مؤنث حاضر	تثنیہ مؤنث حاضر	جمع مؤنث حاضر	متکلم وحدان	متکلم مع الغیر
ماضی مطلق مثبت معروف	فَعَلَ	فَعَلَا	فَعَلُوْا	فَعَلَتْ	فَعَلَتَا	فَعَلْنَ	فَعَلْتَ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُمْ	فَعَلْتِ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُنَّ	فَعَلْتُ	فَعَلْنَا
ماضی مطلق مثبت مجہول	فُعِلَ	فُعِلَا	فُعِلُوْا	فُعِلَتْ	فُعِلَتَا	فُعِلْنَ	فُعِلْتَ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُمْ	فُعِلْتِ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُنَّ	فُعِلْتُ	فُعِلْنَا
ماضی مطلق منفی معروف	مَا فَعَلَ	مَا فَعَلَا	مَا فَعَلُوْا	مَا فَعَلَتْ	مَا فَعَلَتَا	مَا فَعَلْنَ	مَا فَعَلْتَ	مَا فَعَلْتُمَا	مَا فَعَلْتُمْ	مَا فَعَلْتِ	مَا فَعَلْتُمَا	مَا فَعَلْتُنَّ	مَا فَعَلْتُ	مَا فَعَلْنَا
ماضی مطلق منفی مجہول	مَا فُعِلَ	مَا فُعِلَا	مَا فُعِلُوْا	مَا فُعِلَتْ	مَا فُعِلَتَا	مَا فُعِلْنَ	مَا فُعِلْتَ	مَا فُعِلْتُمَا	مَا فُعِلْتُمْ	مَا فُعِلْتِ	مَا فُعِلْتُمَا	مَا فُعِلْتُنَّ	مَا فُعِلْتُ	مَا فُعِلْنَا
ماضی قریب مثبت معروف	قَدْ فَعَلَ	قَدْ فَعَلَا	قَدْ فَعَلُوْا	قَدْ فَعَلَتْ	قَدْ فَعَلَتَا	قَدْ فَعَلْنَ	قَدْ فَعَلْتَ	قَدْ فَعَلْتُمَا	قَدْ فَعَلْتُمْ	قَدْ فَعَلْتِ	قَدْ فَعَلْتُمَا	قَدْ فَعَلْتُنَّ	قَدْ فَعَلْتُ	قَدْ فَعَلْنَا
ماضی قریب مثبت مجہول	قَدْ فُعِلَ	قَدْ فُعِلَا	قَدْ فُعِلُوْا	قَدْ فُعِلَتْ	قَدْ فُعِلَتَا	قَدْ فُعِلْنَ	قَدْ فُعِلْتَ	قَدْ فُعِلْتُمَا	قَدْ فُعِلْتُمْ	قَدْ فُعِلْتِ	قَدْ فُعِلْتُمَا	قَدْ فُعِلْتُنَّ	قَدْ فُعِلْتُ	قَدْ فُعِلْنَا
ماضی قریب منفی معروف	قَدْ مَا فَعَلَ	قَدْ مَا فَعَلَا	قَدْ مَا فَعَلُوْا	قَدْ مَا فَعَلَتْ	قَدْ مَا فَعَلَتَا	قَدْ مَا فَعَلْنَ	قَدْ مَا فَعَلْتَ	قَدْ مَا فَعَلْتُمَا	قَدْ مَا فَعَلْتُمْ	قَدْ مَا فَعَلْتِ	قَدْ مَا فَعَلْتُمَا	قَدْ مَا فَعَلْتُنَّ	قَدْ مَا فَعَلْتُ	قَدْ مَا فَعَلْنَا
ماضی قریب منفی مجہول	قَدْ مَا فُعِلَ	قَدْ مَا فُعِلَا	قَدْ مَا فُعِلُوْا	قَدْ مَا فُعِلَتْ	قَدْ مَا فُعِلَتَا	قَدْ مَا فُعِلْنَ	قَدْ مَا فُعِلْتَ	قَدْ مَا فُعِلْتُمَا	قَدْ مَا فُعِلْتُمْ	قَدْ مَا فُعِلْتِ	قَدْ مَا فُعِلْتُمَا	قَدْ مَا فُعِلْتُنَّ	قَدْ مَا فُعِلْتُ	قَدْ مَا فُعِلْنَا
ماضی بعید مثبت معروف	كَانَ فَعَلَ	كَانَا فَعَلَا	كَانُوْا فَعَلُوْا	كَانَتْ فَعَلَتْ	كَانَتَا فَعَلَتَا	كُنَّ فَعَلْنَ	كُنْتَ فَعَلْتَ	كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	كُنْتُمْ فَعَلْتُمْ	كُنْتِ فَعَلْتِ	كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	كُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ	كُنْتُ فَعَلْتُ	كُنَّا فَعَلْنَا
ماضی بعید مثبت مجہول	كَانَ فُعِلَ	كَانَا فُعِلَا	كَانُوْا فُعِلُوْا	كَانَتْ فُعِلَتْ	كَانَتَا فُعِلَتَا	كُنَّ فُعِلْنَ	كُنْتَ فُعِلْتَ	كُنْتُمَا فُعِلْتُمَا	كُنْتُمْ فُعِلْتُمْ	كُنْتِ فُعِلْتِ	كُنْتُمَا فُعِلْتُمَا	كُنْتُنَّ فُعِلْتُنَّ	كُنْتُ فُعِلْتُ	كُنَّا فُعِلْنَا
ماضی بعید منفی معروف	مَا كَانَ فَعَلَ	مَا كَانَا فَعَلَا	مَا كَانُوْا فَعَلُوْا	مَا كَانَتْ فَعَلَتْ	مَا كَانَتَا فَعَلَتَا	مَا كُنَّ فَعَلْنَ	مَا كُنْتَ فَعَلْتَ	مَا كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	مَا كُنْتُمْ فَعَلْتُمْ	مَا كُنْتِ فَعَلْتِ	مَا كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	مَا كُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ	مَا كُنْتُ فَعَلْتُ	مَا كُنَّا فَعَلْنَا

زندۂ جاوید خوشبوئیں

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری اہل سنت کے مشہور و معروف قلمکار ہیں، وہ گذشتہ ۲۵-۳۰ سال سے مسلسل لکھ رہے ہیں، ان کی نگارشات کی تعداد ۳۰۰ سے تجاوز کر چکی ہوگی--- وہ محدث بھی ہیں، محقق بھی--- مدرس بھی ہیں، معلم بھی--- مصنف بھی ہیں اور مئولف و مترجم بھی--- زبان و بیاں پر ان کو پوری قدرت حاصل ہے، وہ اہل سنت کا عظیم سرمایہ ہیں، مولیٰ تعالیٰ ان کی خدمات جلیلہ کو قبول فرما کر اس پر اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین!

پیش نظر کتاب "زندۂ جاوید خوشبوئیں" یا سدا بہار خوشبوئیں ایک عربی کتاب من نفحات الخلود کا اردو ترجمہ ہے، اس ترجمہ کی خوبی یہ ہے کہ ترجمہ معلوم ہی نہیں ہوتا--- تصنیف و تالیف سے ترجمہ زیادہ مشکل ہے کیونکہ اس میں مترجم کی پرواز فکر کے لئے آزاد فضا میسر نہیں آتی، اس کو پابند رہتے ہوئے قید و بند میں زبان و بیان کے جوہر دکھانے ہوتے ہیں اس سے زبان و بیان پر مترجم کی قدرت کا اندازہ ہوتا ہے--- حضرت علامہ شرف صاحب نے کامیاب ترجمہ کیا ہے--- انہوں نے اصل کتاب سے دل نکال کر ترجمہ میں رکھ دیا ہے--- مصنف کے دل کی دھڑکن ترجمے کے اندر محسوس ہوتی ہے--- فاضل مترجم مبارک باد کے مستحق ہیں----

اس ترجمہ کو دل نشیں انداز سے مرتب کیا گیا ہے--- ابتداء میں حضرت علامہ شرف صاحب کا "حرف آغاز" ہے جس میں انہوں نے دشمنوں کی فریب کاریوں اور جہاں بانوں کی ناعاقبت اندیشیوں کا ذکر فرمایا ہے اور یہ بتایا ہے کہ انسانیت کیا ہے، انسان کون ہے؟--- اس کے بعد علامہ سید ریاض حسین شاہ صاحب کے "کلمات تقدیم" ہیں جس میں انہوں نے فاضلانہ انداز اور ادیبانہ رنگ میں شخصیت و کردار کی اہمیت پر بھرپور اظہار خیال فرمایا ہے--- حضرت علامہ شرف صاحب کے بارے میں جو کچھ فرمایا سچ اور حق ہے--- آخری پیراگراف میں تاریخی چھیڑ چھاڑ اور اعتقادی بحث و کرید سے حضرت علامہ کے گریز کو خوش آئندہ قرار دیا ہے--- بات بھی یہی ہے دور جدید میں زمانے کے تقاضوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے--- کلمات تقدیم کے بعد عزیزی مولانا ممتاز احمد سدیدی کا "مثالی شخصیت" کے عنوان سے اظہار خیال فرمایا ہے--- انہوں نے جدید معاشرہ کا درد انگیز نقشہ کھینچتے ہوئے مثالی شخصیت کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے، "ایسے لکھنے والوں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے تعمیر سیرت کے لئے لکھا ہے پھر کتاب کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے--- اس کے بعد حضرت علامہ شرف صاحب نے مصنف کے حالات زندگی اور خدمات کا تفصیلی ذکر کیا ہے--- پھر فاضل مصنف شیخ محمد صالح فرفوری کا پہلے ایڈیشن اور تیسرے ایڈیشن پر مقدموں کا ترجمہ ہے جس میں مصنف نے کتاب کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی ہے۔

"زندۂ جاوید خوشبوئیں" شیخ محمد صالح فرفوری حنفی (م-۱۹۸۶ء) کے حسین انشائیوں کا حسین مجموعہ ہے جس کا مقصد وحید زندہ و پائندہ شخصیتوں کے ذکرو اذکار سے مردہ دلوں کو زندہ کرنا ہے--- فاضل مصنف کے زبان و بیان، درد و سوز اور مثالی شخصیات کے انتخاب سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ خود بھی مثالی شخصیت کے مالک ہیں--- جب الفاظ و حروف کے پیچھے زندہ شخصیت ہو تو وہ بولنے لگتے ہیں--- زندہ شخصیتیں ہی بناتی، سنوارتی ہیں--- شیخ محمد صالح فرفوری کی نگارشات سوز و گداز سے معمور ہیں---

ان کے جذبات بھی جولانی اور فکر میں روانی ہے--- جب دل پر گھٹائیں چھاتی ہیں، دماغ پر کبھی بوندا باندی ہوتی ہے اور کبھی موسلا دھار بارش پھر قلم سے جھرنے پھوٹنے لگتے ہیں اور آب رواں مضامین کے کٹوروں میں، مقالات کی صراحیوں میں، کتابوں کی سبو میں جمع کر لیا جاتا ہے پھر دنیا بھر کے پیالے اپنی اپنی پیاس بجھاتے رہتے ہیں---

فاضل مصنف نے الفاظ و حروف سے خوبصورت ایوان بنائے ہیں جہاں شاہد معنی جھروکوں سے جھانک رہے ہیں، جہاں جذبات کی قندیلوں اور احساسات کے جھاڑ فانوس سے فضائیں جگمگا رہی ہیں--- جہاں زندہ و پائندہ شخصیات اپنے اپنے کارناموں سے تاریخ پر انمٹ نقوش ثبت کر رہی ہیں--- عاشق رسول ابو ہریرۃ یار کی ایک بات سننے کے لئے مدینہ منورہ سے مصر تشریف لے جا رہے ہیں--- حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اپنی کمان کی ایک ضرب سے گستاخ رسول، ابو جہل کا سر پھوڑ رہے ہیں--- حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ شاہ روم کے دربار میں اسلام کا بول بالا کر رہے ہیں اور ایمان و یقین کی شان دکھا رہے ہیں--- حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ شوق شہادت میں مست و سرشار نظر آ رہے ہیں--- حضرت ابان بن سعد رضی اللہ عنہ ازدواجی زندگی کی رنگینیوں کو اسلام پر قربان کر کے جام شہادت نوش فرما رہے ہیں اور ان کی نوبیاہتا دلہن مجاہدوں کی صفوں میں بجلی کی طرح کوندتی ہوئی دشمن پر حملہ کر رہی ہیں--- حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا دیوار کعبہ پر لٹکی اپنے بیٹے کی لاش دیکھ کر فرما رہی ہیں "کیا اس شہسوار کے پیدل چلنے کا وقت نہیں آیا؟"--- حضرت سلیمان فارسی، حضرت سعید بن عامر، حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہم زہد و تقویٰ کے چراغ روشن کر رہے ہیں، ملک کے مالک ہوتے ہوئے فقیرانہ زندگی بسر کر رہے ہیں---

صحابی رسول حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ ایرانی دربار میں بے باکانہ چلے آ رہے ہیں--- حضرت عمر فاروق، حضرت علی، شریک بن عبداللہ رضی اللہ عنہم عدل و انصاف کا علم بلند کر رہے ہیں--- خلیفہ مامون، نصر بن شمیل کو ایک علمی نکتے پر نواز کر اپنی علم پروری کا ثبوت دے رہے ہیں--- حضرت عمر، حضرت عمر بن عبدالعزیز، حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہم کے پند و نصائح فردوس گوش ہو رہے ہیں--- الغرض زندہ جاوید خوشبوؤں میں رنگ برنگ کے، پھولوں کی ایسی خوشبوئیں ہیں جو مشام جاں معطر کر رہی ہیں---

کاش ہم حال کے بسنے والے ماضی کو بھی ایک نظر دیکھ لیں!--- کاش زمین پر جھک کر چلنے والے، آسمان کو بھی دیکھ لیں!--- حیف! ہم کہاں تھے، کہاں چلے گئے!--- اب جاگنے کا وقت آگیا ہے--- اب کچھ کر گزرنے کا وقت آگیا ہے--- آیئے خون جگر سے چراغ جلائیں کہ دنیا کی اندھیروں میں اجالا

تبصرہ کتب

نام کتاب ---- شفاعت مصطفیٰ (ﷺ)
مؤلف ---- علامہ فضل حق خیر آبادی
مترجم ---- مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

قیمت ---- ڈائی دار جلد =/۱۰۰ لیمینیشن =/۹۰
ملنے کا پتہ ---- مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ۔ لاہور

عہد حاضر کے مستشرقین نے سیرت رسول ﷺ اور اسلامی تعلیمات کا مطالعہ مسلمانوں سے کہیں بڑھ کر کیا اور مسلمانوں پر طرح طرح کے اعتراضات کی بوچھاڑ کر دی، مسلمان علماء نے ان اعتراضات کے نہایت مضبوط جوابات بھی دیئے، اس کے باوجود کچھ لوگ مستشرقین کے داؤ پیچ سے متاثر اور مرعوب ہو گئے، کئی اہل علم بھی ان اثرات کی زد میں آگئے، نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ مسلمان کہلانے والے لوگ بھی بہکی بہکی باتیں کرنے لگے، ایسے اہل علم کی فکری بے راہروی نے امت کا شیرازہ منتشر کر دیا، بدقسمتی نے یہ دن بھی دکھایا کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات گرامی کے بعض اوصاف کا بھی انکار کیا جانے لگا، مسلمان کہلانے والے مناظرین مغرب نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی کو بھی متنازعہ بنا لیا، مستشرقین کے شبہات کے زیر اثر برصغیر میں بھی کئی لوگوں نے اتحاد امت پر کاری ضرب لگائی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت مسئلہ بھی ایسے ہی مسائل میں سے ہے جنہیں دانستہ متنازعہ بنا دیا گیا، چنانچہ تقویۃ الایمان کے مصنف مولوی اسماعیل دہلوی نے اپنی تصنیف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام شفاعت کی بڑی چابکدستی سے نفی کر دی، اس کے رد عمل میں علمائے اہلسنت نے کئی تصنیفات و تالیفات کے ذریعے غیرت ایمانی اور اسلامی حمیت کا اظہار فرمایا، اسی سلسلے میں علامۃ السند علامہ فضل حق خیر آبادی نے بھی "تحقیق الفتوی فی ابطال الطغوی" فارسی زبان میں تحریر فرمائی، جس میں اہل محبت کے لئے فضائل و مناقب کا خاصا ذخیرہ بھی ہے اور اہل علم کے لئے علمی تحقیقات بھی، یہ کتاب علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے علمی تبحر و مقام کا پتہ دیتی ہے، اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ علامہ منطق فلسفہ اور عربی ادب کے علاوہ تفسیر، حدیث اور اصول فقہ پر بھی گہری نظر رکھتے تھے، شرف اہلسنت، مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب مدظلہ نے اس کتاب کا انتہائی سلیس رواں اردو ترجمہ شفاعت مصطفیٰ کے نام سے کیا ہے، پاکستان میں یہ کتاب دوسری مرتبہ طبع ہوئی ہے اس ایڈیشن کے آخر میں تقویۃ الایمان کے رد میں علامہ فضل حق خیر آبادی کی پہلی تحریر مع ترجمہ شامل کر دی گئی ہے جو تاحال غیر مطبوعہ تھی، امید ہے کہ قارئین کتاب ایمانی غیرت اور عشق رسول ﷺ کی حلاوت کو محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکیں گے کتاب کی جلد پر گنبد خضریٰ، مواجہ شریف اور منبر رسول کی انتہائی دیدہ زیب تصویروں نے کتاب کے ظاہری حسن و جمال کو دوبالا کر دیا ہے، جبکہ حضرت شرف صاحب دام ظلہ کے ترجمہ نے کتاب معنوی خوبصورتی کو اردو دان قارئین کے لئے بے نقاب کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ عالم اسلام کو ملی غیرت و حمیت عطا فرمائے اور مسلمانوں کے جذبہ عشق رسول ﷺ کو مستشرقین کے برے اثرات سے محفوظ رکھے۔
(آمین)

نام کتاب: من عقائد اہل السنۃ
مصنف: علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی
لغت تحریر: عربی
صفحات: ۳۸۸

مسلمانوں کی اپنے عقائد سے وابستگی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں اور تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ علمی کوتاہی کے باوجود مسلمانوں نے کبھی بھی اپنے عقیدے پر سودے بازی نہیں کی---

چنانچہ غیر مسلم قوتوں نے اپنی سازشوں کا ہدف اسی بات کو بنایا اور ملت اسلامیہ کو کمزور کرنے کے لئے عقائد میں تشکیک کا سہارا لے کر امت مسلمہ میں انتشار و افتراق کا بیج بو دیا۔

لیکن چونکہ اسلام دین حق ہے اور اس کا محافظ خود خالق کائنات ہے اس لئے ہر دور میں ایسی شخصیات پیدا ہوتی رہیں جنہوں نے حالات کی سنگینی اور کسی ملامت گر کی ملامت کی پرواہ کئے بغیر تجدید دین کا فریضہ انجام دے کر دشمنان اسلام کی اس سازش کو بے نقاب کیا۔

ان تاریخ ساز شخصیات کی ایک طویل فہرست ہے لیکن ماضی قریب میں جن نفوس قدسیہ نے یہ پاکیزہ ذمہ داری نبھائی ان میں حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمہما اللہ کے نام نہایت نمایاں ہیں۔

موخر الذکر امام نے انگریز، ہندو اور نام نہاد مسلمانوں سے مقابلہ کرکے بانیء اسلام اور عقائد اہلسنت کے خلاف سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور یوں امت مسلمہ کو گمراہی کے بھنور میں جانے سے بچا لیا۔

لیکن غیر مسلم قوتیں اس موقعہ پر بھی میدان میں اتر آئیں اور اپنوں نے اس شخصیت کو جس نے اسلاف کے عقائد کا تحفظ کیا تھا ایک نئے فرقے کا بانی قرار دے کر ثابت کرنے کی کوشش کی کہ احمد رضا بریلوی اور ان کے معتقدین کے عقائد اسلام اور عقائد اہلسنت سے متصادم ہیں۔

چنانچہ ان قوتوں کی اشیرباد پر "البریلویہ" نام کی ایک کتاب لکھی گئی جس میں جھوٹی، من گھڑت اور حقائق کے خلاف باتوں کے ذریعے اس محسن کو عالم اسلام بالخصوص علمائے عرب کے سامنے بدنام کرنے کی سازش کی گئی حالانکہ حرمین طیبین کے جید علماء حضرت شاہ احمد رضا بریلوی کی تحریرات کی خراج تحسین پیش کرکے انہیں اعزازی اسناد کے ذریعے نواز چکے تھے۔

الحمدللہ! دور حاضر کے نامور محقق میدان تدریس و تصنیف کے شہسوار شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نے جن کا نام علمی حلقوں میں کوئی نیا نہیں، نہایت سنجیدگی، متانت اور مضبوط دلا[ئل] کے ساتھ ثابت کیا کہ حضرت امام احمد رضا بریلوی نے اپنی تصانیف کے ذریعے جن عقائد کو ثابت کیا ہے صحا[بہ] کرام سے لے کر آج تک کے تمام علماء و مشائخ اپ[نے] عقائد پر کاربند رہے۔

علامہ شرف قادری کی یہ بیش قیمت تصنیف "من عقائد اہل السنۃ" عربی زبان میں عقائد اہلسنت [پر] ایک جامع کتاب ہے جس کی زبان نہایت شیریں تحر[یر] شستہ، انداز عالمانہ و محققانہ غرضیکہ کتاب عقا[ئد] اسلام پر ایک جامع انسائیکلوپیڈیا ہے اور اس میں [ہر] ذوق کی ہر دوبات موجود ہے جس کی کسی بھی مع[تدل] مزاج اور غیر متعصب صاحب ذوق قاری کو ضرور[ت]...

تبصرہ نگار: محمد صدیق ہزارو[ی]